15-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ جےئ شنکر بھوپال پلی ضلع کے کالیشورم میں آج 12 روزہ سرسوتی پشکرالو کا آغاز عمل میں آیا۔ صبح سے ہی عقیدتمندوں نے تریوینی سنگم پر مقدس ڈپکی لگائی۔

۲۔ سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کو انتباہ دیا کہ اگر رنگاریڈی ضلع کے کانچہ گچی باؤلی کی زمین پر کاٹے گئے درختوں سے ہوئے نقصان کی تلافی نہیں کی گئی تو اسے سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

۳۔ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج دہلی میں ایمس ٹروما سنٹر کا دورہ کیا اور نکسلائٹس کے خلاف چھتیس گڑھ۔تلنگانہ سرحد پر 21 دن تک جاری رہنے والی کارروائی کے دوران زخمی سیکورٹی جوانوں کی صحت کے بارے میں دریافت کیا۔

۴۔ تلنگانہ کے نظام آباد، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک ، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول اور ونپرتی اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ اکادوکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔

MISS WORLD

مس ورلڈ مقابلہ حسن 2025ء میں حصہ لینے والی حسیناؤں نے ورنگل میں تاریخی ہزار ستون مندر اور ورنگل کے قلعہ کا دورہ کیا۔ اِس موقع پر آکاش وانی سے خصوصی بات چیت کے دوران امریکہ، کینڈا، ارجنٹینا اور پنامہ کی حسیناؤں نے کہا کہ وہ تلنگانہ کی میزبانی سے کافی متاثر ہوئی ہیں۔ انہوں نے تلنگانہ کی ثقافت اور یہاں کی روایات کی ستائش کی۔

Byte..

PUSHKARALU

جےئ شنکر بھوپال پلی ضلع کے کالیشورم میں آج 12 روزہ سرسوتی پشکرالو کا آغاز عمل میں آیا۔ صبح سے ہی عقیدتمندوں نے تریوینی سنگم پر مقدس ڈپکی لگائی۔ 12 سال میں ایک مرتبہ منعقد ہونے والے اِس پشکرالو کا آغاز صبح 5 بجکر 44 منٹ پر ہوا۔ گوداوری، پراناہیتا اور سرسوتی دریاؤں کے سنگم پر مذہبی قائدین نے خصوصی رسوم

انجام دی۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے جسٹس سورے پلی نندا، وزیر انفارمیشن ٹکنالوجی ڈی سریدھر بابو اور بھوپال پلی کے ایم ایل اے گنڈرا ستیہ نارائن راؤ ان شخصیتوں میں شامل تھے، جنہوں نے افتتاحی رسوم کے بعد مقدس ڈپکی لگائی۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی آج شام کالیشورم پہنچے۔ انہوں نے مقدس اسنان کیا اور تریوینی سنگم پر پوجا کی۔ بعد میں انہوں نے سرسوتی دیوی کی 17 فٹ طویل مورت کی نقاب کشائی انجام دی۔

## SC - LAND

سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کو انتباہ دیا کہ اگر رنگا ریڈی ضلع کے کانچہ گچی باؤلی کی زمین پر کاٹے گئے درختوں سے ہوئے نقصان کی تلافی نہیں کی گئی تو اسے سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس آگسٹین جارج مسیح پر مشتمل بنچ نے ریاستی حکام سے کہا کہ وہ یا تو جنگلاتی علاقہ کو بحال کریں یا اس کے نتائج کا سامنا کرنے تیار رہیں۔ چیف جسٹس آف انڈیا نے اپنے زبانی ریمارکس میں کہا کہ ریاستی حکومت کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ آیا وہ جنگلاتی علاقہ کو بحال کرے گی یا اس کے عہدیداروں کو جیل بھیجا جائے۔ سپریم کورٹ کانچہ گچی باؤلی گاؤں میں 400 ایکر زمین پر ریاستی حکومت کی جانب سے بڑے پیمانے پر درختوں کی کٹائی سے متعلق معاملہ کی سماعت کررہی تھی۔ چیف جسٹس اس مقدمہ کی کارروائی 23 جولائی تک ملتوی کردی۔ اس دوران بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے یونیورسٹی آف حیدرآباد سے متصل زمین پر بڑے پیمانے پر درختوں کی کٹائی کیلئے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر غلطیوں کے نتیجہ میں عہدیداروں کو سپریم کورٹ کی برہمی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سوشیل میڈیا پر اپنے پوسٹ میں راما راؤ نے کہا کہ ریونت ریڈی کی غلطیوں کے عوض تلنگانہ کے عہدیدار جیل جانے کے دہانے پر ہیں۔

## UPSC - OATH

انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس کے ریٹائرڈ آفیسر اور سابق ڈیفنس سکریٹری اجئے کمار نے یونین پبلک سروس کمیشن کے چیرمین کی حیثیت سے آج حلف لے لیا۔ کمیشن کے سب سے سینئر رکن ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل راج شوکلا نے انہیں حلف دلایا۔ اجئے کمار کیرالا کیڈر کے 1985ء آئی اے ایس بیچ سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے اگست 2019ء سے اکتوبر 2024ء تک ڈیفنس سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔

SC - WAQF

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وہ وقف ترمیمی ایکٹ 2025ء کے دستوری جواز کو چیالنج کرتے ہوئے دائر کی گئی عرضیوں پر عبوری راحت کی درخواست پر اِس مہینہ کی 20 تاریخ کو سماعت کرے گی۔ چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی اور جسٹس اگسٹین جارج مسیح پر مشتمل بنچ نے وقف ایکٹ کے دستوری جواز کو چیالنج کرنے والوں کی نمائندگی کرنے والے سینئر وکیل کپل سبل اور مرکز کی نمائندگی کرنے والے سالیسٹر جنرل تشار مہتا سے کہا کہ وہ 19 مئی تک اپنے تحریری نوٹ پیش کریں۔ بنچ نے کہا کہ وہ 20 مئی کو سماعت کے دوران 1995ء کے وقف قانون کی کسی بھی دفعہ پر حکم التوأ کیلئے کسی عرضی پر غور نہیں کرے گی۔ سابق چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی زیر قیادت بنچ اس معاملہ کی سماعت کررہی تھی۔ 13 مئی کو جسٹس کھنہ کے ریٹائرمنٹ کے بعد یہ معاملہ چیف جسٹس گوائی کی زیر قیادت بنچ کو منتقل کردیا گیا۔

MISS WORLD 2

مس ورلڈ 2025ء میں حصہ لینے والی حسینائیں آج شام یدادری بھونگیری ضلع کے یادگیری گوٹہ میں سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر کا دورہ کریں گی۔ ان حسیناؤں کو دو گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروپ یدادری مندر کا معائنہ کرے گی جبکہ دوسرا گروپ یو این ڈبلیو ٹی او کی جانب سے مسلمہ پوچم پلی گاؤں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں بنکری کی روایات کا مشاہدہ کرے گا۔

AMIT SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج دہلی میں ایمس ٹروما سنٹر کا دورہ کیا اور نکسلائٹس کے خلاف چھتیس گڑھ۔ تلنگانہ سرحد پر 21 دن تک جاری رہنے والی کارروائی کے دوران زخمی سیکورٹی جوانوں کی صحت کے بارے میں دریافت کیا۔ کرے گوٹہ پہاڑیوں پر نکسلائٹس کے خلاف کارروائی میں 31 نکسلائٹس مارے گئے۔ ملک کو نکسلائٹس سے پاک کرنے کے مقصد کے تحت یہ کارروائی کی گئی۔ امیت شاہ نے سوشیل میڈیا پر اپنے پوسٹ میں کہا کہ ان پہاڑیوں پر ایک وقت سرخ دہشت کا راج تھا لیکن آج یہاں ترنگا لہرا رہا ہے۔

WEATHER

تلنگانہ کے نظام آباد، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگرکرنول اور ونپرتی اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ اکا دوکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ان اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔آئندہ 24 گھنٹوں کیلئے تلنگانہ کے دیگر اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔دفتر موسمیات نے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران نرمل، نظام آباد، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔

FIRE:

حیدرآباد کے مہاراج گنج میں آج صبح ایک تین منزلہ عمارت میں آگ لگ گئی جس سے علاقہ کے مکینوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔تاہم فائر بریگیڈ نے ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے عملہ کے تعاون سے آگ پر قابو پالیا۔عمارت سے 8افراد کو بچالیا گیا جن میں ایک مہینہ کی بچی شامل ہے۔آگ کیسے لگی اس کے بارے میں ابھی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔گاؤلی گوڑہ سے 4 فائر ٹنڈرس اور ایک فائر روبوٹ نے جائے وقوع پر پہنچ کر آگ بجھائی۔حیدرآباد ڈسٹرکٹ فائر آفیسر ٹی وینکنا نے یہ بات بتائی۔

METRO

حیدرآباد میٹرو ریل نے اپنے کرائیوں میں 17 مئی سے اضافہ کا اعلان کیا ہے۔میٹرو ریل نے ایک بیان میں بتایا کہ میٹرو ریلویز آپریشن اینڈ مئنٹیننس ایکٹ 2002ء کے مطابق کرائیوں پر نظرثانی کی گئی ہے۔اقل ترین کرائیوں کو 10 روپے سے بڑھا کر 12 روپے کردیا گیا ہے جبکہ اعظم ترین کرایہ 60 روپے سے بڑھا کر 75 روپے کردیا گیا ہے۔